فکر و نظر............ اسلام آباد　　جلد: ۴۸　　شمارہ:۱

عزالدین کے احوال و آثار

ڈاکٹر محمد نواز☆

Abstract

Izzuddin, abd ul aziz ibn abd ussalam was a eminent scholar of 7th century of Syria and Egypt. He was inspired by Saif al din Al amidi. Many scholars consider him as the founder and the first and for most author for his work on the objectives of shriah as well as the commentator of the Holy Quran, mohaddith, motakallim, jurist, judge, preacher, reformer, mystic, law maker and embodiment of truth. He wrote many famous books on every Islamic studies topic. His writings on the Islamic teachings represent as guidance for the Islamic scholars in the succeeding centuries.

This article will highlight his versatile scholarly life and will help the researchers to investigate about his seminal work.

....

عزالدین ساتویں صدی ہجری میں عالم اسلام کی ایک عدیم النظیر اور ہمہ جہت شخصیت ہو گزرے ہیں جنہیں شیخ الاسلام، قاضی، فقیہ، شافعی، مجتہد، اصولی، مفسر، لغوی، متقی، آمر بالمعروف، ناہی عن المنکر اور صاحبِ تصانیفِ مفیدہ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

۱۔ نام:

آپ کا پورا نام عبدالعزیز بن عبدالسلام بن ابی القاسم بن حسن بن محمد بن مہذّب ہے اس پر تمام بنیادی مصادر(۱) کا اتفاق ہے۔

۲۔نسبت:

سُلَمی(۲)، مَغربی(۳)، دمشقی(۴)، مصری(۵)، اور شافعی(۶)، آپ کی نسبتیں ہیں۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad.　http://iri.iiu.edu.pk/

۳۔ کنیت:

عزالدین کی کنیت ''ابو محمد'' تھی۔

۴۔ لقب:

عزالدین کے زمانے میں خلفاء، سلاطین، امراء اور علماء وغیرہ کے ایسے القاب ہوتے تھے جس سے دینی لگاؤ، قرب الٰہی، اللہ تعالیٰ کی محبت، اور فضیلت کا اظہار ہوتا، تاکہ عوام کے دلوں میں ان کی عزت و احترام بڑھے اور ان کی حمایت و تائید حاصل ہو۔

اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے ان القاب سے بے نیاز ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی بندہ نوازی ایسی ہے کہ وہ عوام کے دلوں میں ایسے افراد کی ایسی محبت و عقیدت ڈال دیتا ہے کہ لوگ ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں اور ان کے مخلصانہ اور جرأتمندانہ اعمال و کردار دیکھ کر انہیں مختلف القاب سے نوازتے ہیں۔

عزالدین کا شمار بھی اسی آخری طبقے میں ہوتا ہے کہ عوام نے آپ کو متعدد القاب سے نوازا ہے جن میں ''عزالدین''(۷) زیادہ عام ہے جبکہ ''الامام العز'' بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ تراجم، تاریخ اور فقہ کی کتب میں آپ کو ''سلطان العلماء''(۸) اور ''شیخ الاسلام''(۹) کہا گیا ہے ''ابن عبدالسلام'' کے لقب سے بھی آپ معروف ہیں اگرچہ ''ابن عبدالسلام کے نام سے متعدد علماء(۱۰) ہیں لیکن بعض کتب نے عز الدین کے لیے ''العز بن عبدالسلام'' ذکر کیا ہے۔ آپ کا لقب ''القاضی''(۱۱) بھی ہے۔

۵۔ پیدائش:

تمام مراجع و مصادر کے مطابق عزالدین کی پیدائش شام کے شہر ''دمشق'' میں ہوئی لیکن سال پیدائش میں اختلاف ہے۔ بعض مترجمین(۱۲) نے آپ کا سال پیدائش ۵۷۷ھ اور بعض مترجمین(۱۳) نے ۵۷۷ھ اور ۵۷۸ھ دونوں کا ذکر کیا ہے۔

چونکہ عزالدین ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتے تھے جن کے ہاں تاریخ پیدائش اور سال پیدائش کے اندراج کا کوئی رواج نہ تھا اور کسی امیر، علمی اور شاہی خاندان سے بھی آپ کا تعلق نہ تھا اس لیے حتمی تاریخ پیدائش کا تعیُّن ممکن نہیں۔ صرف ۵۷۷ھ کے سال میں پیدائش والے قول کو ترجیح دی جاسکتی ہے، کیونکہ اکثر محققین اور مترجمین نے آپ کا سال وفات ٦٦٠ھ(۱۴) ذکر کیا ہے اور ان

کی عمر قول راجح کے مطابق ۸۳ سال بنتی ہے کیونکہ ابن السبکی (۱۵) اور داؤدی(۱۶) نے ذکر کیا ہے کہ ایک شخص نے آ کر عزالدین سے کہا کہ میں نے تمہیں خواب میں یہ شعر کہتے ہوئے دیکھا ہے:

"وَکُنتُ کَذِیْ رِجلَیْنِ رِجلٍ صَحِیحَۃٍ　　وَرِجلٍ رَمٰی فِیُھَا الزَّمَانُ فَشَلَّتْ"(۱۷)

تو کچھ دیر خاموش رہ کر عزالدین نے کہا:

"اَعِیُشُ مِنَ الْعُمُرِ ثَلَاثًا وَّثَمَانِیْنَ سَنَۃً"

(ترجمہ:میں ۸۳ سال زندہ رہوں گا)

اور کہا کہ یہ شعر "کُثَیِّرْ عَزَّۃُ"(۱۸) کا ہے۔ عمر کے علاوہ میرے اور اس کے درمیان کوئی نسبت نہیں۔ میں سُنّی ہوں، وہ شیعہ تھا۔ میں لمبا ہوں، وہ چھوٹا تھا، میں شاعر نہیں، وہ شاعر تھا، میں سُلمی اور وہ سُلَمی نہیں تھا۔ واقعی آپ نے اتنی ہی (۸۳سال) زندگی گزاری۔ لہٰذا ۵۷۷ھ کو عزالدین کی پیدائش کا سال قرار دیا جا سکتا ہے۔

۶۔ ابتدائی حالاتِ زندگی:

تراجم کی کتب میں عزالدین کی زندگی کے ابتدائی حالات ذکر نہیں کیے گئے صرف اسی بات پر اکتفا کیا گیا ہے کہ عزالدین نے اپنی ابتدائی زندگی انتہائی ناداری کی حالت میں گزاری۔(۱۹)

۷۔ حصول علم:

دمشق اموی دور حکومت(۲۰) سے علم و علماء کا مرکز رہا ہے تمام علوم و فنون کے ماہر علماء اس میں موجود رہے ہیں۔ اطراف عالم سے طلبہ ادھر کھنچے چلے آتے تھے۔ تخصُّص کرنے کے لیے یہیں علماء مل جاتے تھے۔ مسجد اموی طلبۂ علماء اور علوم و فنون کے لیے یونیورسٹی کا درجہ رکھتی تھی جس سے صبح و شام علم کی روشنی پھیلتی تھی۔

عزالدین نے اگرچہ باقاعدہ علم ابتدائی زندگی میں حاصل تو نہیں کیا لیکن علمی ماحول میں پرورش ضرور پائی۔ عزالدین نے سنِ بلوغ میں قدم رکھنے کے بعد علم حاصل کرنا شروع کیا۔

ابن السبکی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ عزالدین نے بڑی عمر میں علم حاصل کرنا شروع کیا اور اس کا سبب یہ ہے کہ وہ "کَلَّاسۃ"(۲۱) میں شب باشی کرتے تھے۔ ایک شدید سرد رات میں انہیں احتلام ہو گیا۔ "کلّاسہ" کے تالاب میں غسل کیا(۲۲) اور سو گئے۔ انہیں دوبارہ احتلام ہو گیا پھر اسی تالاب میں ٹھنڈے پانی سے غسل کر لیا تو سردی کی شدت کی وجہ سے بے ہوش ہوگئے تو

انہوں نے یہ آواز سنی:

"یَا ابْنَ عَبْدِالسَّلَامِ! أَتُرِیْدُالْعِلْمَ أَمِ الْعَمَلَ؟" فَقَالَ: "أُرِیْدُ الْعِلْمَ؛ لِاَنَّهٗ یَهْدِیْ اِلَی الْعَمَلِ".(۲۳)

ترجمہ: اے ابن عبدالسلام! آپ کو علم چاہئے یا عمل۔ تو آپ نے کہا: مجھے علم چاہئے کیونکہ علم ہی درست عمل کا طریقہ بتاتا ہے۔

صبح "اَلتَّنْبِیْهُ"(۲۴) لی اور اسے مختصر مدت میں حفظ کر لیا اور حصول علم پر ایسی توجہ دی کہ:

"کَانَ اَعْلَمَ اَهْلِ زَمَانِهٖ وَمِنْ اَعْبَدِخَلْقِ اللّٰهِ تَعَالٰی"(۲۵)

ترجمہ: آپ اپنے زمانے کے سب سے بڑے عالم اور عابد بن گئے۔

عزالدین کا یہ واقعہ اس بات کا غماز ہے کہ انہوں نے دینی ماحول میں پرورش پائی۔ جس سے انہیں ضروریات دین سیکھنے اور عمل کرنے کا موقع ملا۔

اگر انہوں نے بچپن سے ہی باقاعدہ علم حاصل کیا ہوتا تو انہیں ضرور اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اتنی جان لیوا سخت سردی میں غسل کی بجائے تیمّم بھی کیا جاسکتا ہے اور آپ نے تیمّم سے طہارت کاملہ کے علم کے باوجود ٹھنڈے پانی اور سخت سردی میں غسل کیا تو یہ آپ کی جوانی میں ہی تقویٰ و زہد کی علامت کو ظاہر کرتا ہے اور ایسے بندے کے لیے جس کا دل مساجد کے ساتھ عبادت الٰہی کے لیے مشغول رہے نبی کریمﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ انہیں قیامت کے دن اپنے سایۂ رحمت کے نیچے جگہ عطا فرمائے گا۔

نبی کریمﷺ کا فرمان ہے:

"سَبْعَةٌ یُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ:...... وَشَابٌّ نَّشَأَ فِیْ عِبَادَةِ رَبِّهٖ وَرَجُلٌ قَلْبُهٗ مُعَلَّقٌ فِی الْمَسَاجِدِ......"(۲۶)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سات ایسے افراد کو اپنے سایۂ رحمت کے نیچے جگہ عطا فرمائے گا جبکہ اس وقت اللہ تعالیٰ کے سایۂ رحمت کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہوگا...... وہ نوجوان جس نے اپنی جوانی عبادت الٰہی میں بسر کی اور وہ شخص جس کا دل مساجد کے ساتھ لگا ہوا ہو۔

آپ کا عمل کی بجائے علم کو چاہنا' بتاتا ہے کہ عمل کی درستی کا انحصار درست علم پر ہے اور علم ہی انبیاء کا ترکہ ہوتا ہے۔ اسی علم کی وجہ سے انسانی برتری دوسری مخلوق پر بھی ہے۔ عمل کی بجائے علم کی

طلب کا اظہار اصل میں تائید ایزدی کا عکاس ہے۔علم کا بنیادی مقصد بھی عمل ہے اور عمل علم کے بغیر درست نہیں ہوتا۔

اس واقعہ کے بعد اگلی صبح سے ہی عزالدین نے حصول علم کا آغاز کر دیا۔ علماء کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کے علمی حلقوں میں بیٹھے اور سیرابی طبع تک ان سے استفادہ کرتے رہے حتیٰ کہ خود عزالدین کا اپنا قول ہے۔

"مَااحتَجتُ فِیْ عِلمٍ مِنَ الْعُلُوْمِ اِلٰی اَنْ اُکمِلَهٗ عَلَی الشَّیخِ الَّذِیْ اَقْرَؤُ عَلَیهِم وَمَا تَوَسَّطُتُهٗ عَلٰی شَیْخٍ مِنَ الْمَشَایِخِ الَّذِیْنَ کُنْتُ أَقْرَؤُ عَلَیْهِمْ اِلَّا وَقَالَ الشَّیْخُ: قَدِاسْتَغْنَیْتَ عَنِّیْ فَاشْتَغِلْ مَعْ نَفْسِکَ وَلَمْ اَقْنَعْ بِذٰلِکَ، بَلْ لَّا اَبْرَحُ حَتّٰی اُکمِلَ الْکِتَابَ الَّذِی اَقْرَؤُهٗ فِیْ ذٰلِکَ الْعِلْمِ."(۲۷)

ترجمہ: مجھے اپنے استاد کے پاس مکمل علم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں رہتی تھی حتیٰ کہ میں جب بھی کسی استاد کے پاس کتاب پڑھتے ہوئے درمیان میں پہنچتا تو وہ مجھے کہہ دیتا کہ اب تجھے میری ضرورت نہیں لہٰذا اب خود پڑھو۔ لیکن میں اس علم کے متعلق اس کتاب کو استاد کے پاس ہی مکمل کر کے آتا تھا۔

ابو محمد البہنسی (۲۸) نے خود عزالدین کا قول ذکر کیا ہے:

"مَضَتْ لِیْ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً لَاانَامُ کُلَّ لَیْلَةٍ اِلَّا بَعْدَ اَنْ اُمِرَّ عَلٰی اَبْوَابِ الشَّرِیْعَةِ عَلٰی خَاطِرِیْ"(۲۹)

ترجمہ: تیس سال کے عرصے سے سونے سے پہلے ہر رات میرے دل پر شریعت کے اسرار کھولے جاتے رہے۔

اس سے عزالدین کے علمی ذوق و شوق اور اپنے اساتذہ کے ادب و احترام کا پتہ چلتا ہے دوسرا یہ کہ اساتذہ کے ان کے علمی مقام و مرتبہ اور علمی قابلیت کے اعتراف کا بھی علم ہوتا ہے کیونکہ اساتذہ سے بڑھ کر ان کے طلباء کی قابلیت کو دوسرا کوئی نہیں پہچان سکتا۔

عزالدین نے متعدد علوم میں مہارت تامہ حاصل کی۔ تفسیر، حدیث، فقہ، اصول، عربی، مختلف اقوال اور ان کے مآخذ کی معلومات حاصل کیں یہاں تک کہ "اِنَّهٗ بَلَغَ رُتْبَةَ الْاِ جْتِهَادِ"(۳۰) (وہ مجتہد کے درجے کو پہنچ گئے)۔ بعد میں مصر میں سب سے پہلے آپ نے تفسیر کے دروس کا آغاز کیا۔(۳۱) کئی اسناد عالی(۳۲) کی روایت کا شرف حاصل کیا۔ حتیٰ کہ آپ کا حفاظ میں شمار ہونے لگا اور آپ نے

جتنے بھی علوم حاصل کیے آپ کو ان میں پائے جانے والے حقائق شریعت اور ان کے مقاصد کا پورا پورا ادراک حاصل تھا۔(۳۳)

عزالدین نے حصول علم کے لیے ۵۹۷ھ(۳۴) میں بغداد کا سفر کیا اور وہاں چند ماہ قیام کر کے عمر بن طَبَرْ زَد(۳۵) اور حنبل رصافی (۳۶) سے حدیث کی سماعت کی پھر آپ نے واپس آ کر دمشق میں اشاعت علم پر توجہ دی۔ بعد ازیں ۶۳۹ھ(۳۷) میں مصر کا سفر کیا اور یہاں حافظ زکی الدین، عبدالعظیم مُنذری(۳۸) کی مجلس حدیث میں اور ابوالحسن شاذلی(۳۹) کے حلقوں میں حاضر ہوتے رہے۔ آپ شاذلی کے بڑے قدر دان تھے اور علم الحقیقت کے بارے میں ان کی گفتگو بڑی توجہ سے سنتے اور شاذلی بھی آپ کے قدر آشنا تھے۔ اس دور میں فقہ میں عزالدین بن عبدالسلام، حدیث میں حافظ منذری اور علم الحقائق میں شاذلی کی محافل کا کوئی ثانی نہیں تھا۔(۴۰) اس طرح عزالدین مختلف علماء کے پاس حاضر ہوتے اور ان سے علم حاصل کرتے رہے یہاں تک کہ آپ خود مرجع خاص و عام ہوگئے۔ دور و نزدیک سے حصول فتویٰ کے لیے لوگ آنے لگے اور آپ زندگی کے آخری حصے میں مذہب شافعی کے پابند نہیں رہے تھے۔(۴۱)

آپ بالاتفاق شیخ الاسلام و المسلمین، سلطان العلماء اور اپنے زمانے کے عدیم النظیر امام اور عالم تھے۔(۴۲)

۸۔عزالدین کی وفات:

موت ایک اٹل حقیقت ہے جس کا انکاری کوئی بھی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ﴾(۴۳)

ترجمہ: ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

موت و حیات کی تخلیق کا مقصد وحید حسن عمل کو پرکھنا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿الَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا.﴾(۴۴)

ترجمہ: (وہ قادر ذات ہے) جس نے موت اور زندگی کو صرف اس لیے پیدا کیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے عمل کے لحاظ سے اچھا کون ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کی موت کا وقت مقرر کر رکھا ہے اس میں تقدیم و تاخیر ناممکن ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ﴾(۴۵)

ترجمہ: جب ان کی موت کا وقت آجائے تو ایک لمحہ کی بھی تاخیر و تقدیم نہیں ہوتی۔

وہ شخص انتہائی خوش قسمت ہے جس کی عمر طویل ہو اور ساتھ اعمال حسنہ کثرت سے ہوں۔ نبی آخرالزمان ﷺ سے کسی شخص نے سوال کیا:

"یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَحَسُنَ عَمَلُہٗ قَالَ: فَاَیُّ النَّاسِ شَرٌّ؟ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَسَآءَ عَمَلُہٗ." (۴۶)

ترجمہ: اے اللہ کے رسول ﷺ بتائیے کہ سب سے اچھا کون سا آدمی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی عمر طویل اور عمل اچھا ہو۔ اس شخص نے پوچھا: سب سے برا کون ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی عمر طویل اور عمل برا ہو۔

حدیث کے پہلے حصے کے مطابق عزالدین نے طویل عمر بسر کی، اعمال حسنہ بجالائے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سر انجام دیا، بدعات کا خاتمہ کیا، حکمرانوں سے ٹکر لی اور دین حق کا سر فخر سے بلند کیا جس سے دشمنان اسلام کو آپ کے مقابلے میں ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔

تمام مؤرخین اور علماء تراجم کی متفقہ آراء کے مطابق عزالدین نے جمادی الاولی ۶۶۰ھ بمطابق ۱۲۶۲ء میں ۸۳ سال کی عمر میں وفات پائی۔(۴۷)

عزالدین کے اساتذۂ کرام

عزالدین نے اگرچہ سن بلوغت(۴۸) میں پہنچنے کے بعد حصول علم پر توجہ دی لیکن اپنے دور کے عظیم اہل علم و فن سے کسبِ علم کا موقع ملا جن کے علم کے اثرات عزالدین کی علمی اور معاشرتی زندگی میں نظر آتے ہیں۔ ان اساتذہ اور شیوخ میں سے چند ایک کا ذکر اختصار سے پیش خدمت ہے۔

عزالدین نے عبداللطیف(۴۹)، برکات خُشوعی(۵۰)، قاسم بن عساکر(۵۱)، حنبل رُصافی(۵۲)، عمر بن طَبَرْزَد(۵۳)، عبدالصمد حَرَسْتانی(۵۴)، فخرالدین بن عساکر(۵۵) اور سیف الدین آمدی(۵۶) جیسے شہرہ آفاق علماء سے علم حاصل کیا۔

عزالدین کے تلامذہ

عزالدین نے حصول علم کے بعد اشاعتِ علم کی طرف توجہ دی تاکہ اس کے علوم و فنون سے لوگ استفادہ کرسکیں۔ جونہی آپ کی علمی شہرت ہوئی تو دور دراز سے لوگ کسب علم کی خاطر آپ کی

طرف کھنچے چلے آئے۔ عزالدین نے اپنے گھر اور مساجد میں دروس سے تدریس کا آغاز کیا۔ سب سے پہلے آپ نے دمشق میں تدریس کا کام کیا(۵۷) اور آپ نے فقہ اور اصول فقہ کی تعلیم دی۔ یہاں آپ سے کثیر طلبہ نے استفادہ کیا اور چند ایک مدارس میں تدریس کا فریضہ بھی سر انجام دیا۔(۵۸)

ڈاکٹر محمد الزحیلی کے مطابق آپ نے ''المدرستہ الشبلیہ البرانیہ''(۵۹)' ا لمدرستہ الغزالیہ'(۶۰) اور ''المدرستہ الصالحیہ''(۶۱) میں باقاعدہ تدریس کا کام سرانجام دیا۔(۶۲)

عزالدین ایک کامیاب اور ہردل عزیز مدرس تھے۔ آپ کی زبان سے دلکش جملے اور اشعار دوران درس جاری ہوتے جن سے طلباء و سامعین محظوظ ہوتے۔ ان کی پوری توجہ آپ کے درس کی طرف مبذول رہتی یہاں تک کہ متعلّمین میں آپ کی شہرت عام ہوگئی۔ اکثر کتب تراجم نے یہاں تک لکھا ہے۔ ''وَقَصَدَهُ الطَّلَبَةُ مِنَ الْاٰفَاقِ وَتَخَرَّجَ بِهٖ أَئِمَّةٌ''(۶۳) ترجمہ: پوری دنیا سے طلباء آپ کی طرف کھنچے چلے آئے اور علماء بن کر فارغ ہوئے۔ ''رَحَلَ اِلَيْهِ الطَّلَبَةُ مِنْ سَائِرِ الْبِلَادِ''(۶۴) ترجمہ: تمام شہروں سے طلباء حصول علم کے لیے آپ کے پاس آئے۔

شیخ قطب الدین الیونینی نے آپ کی تدریس کے بارے میں لکھا ہے:۔

''كَانَ مَعْ شِدَّتِهٖ فِيْهِ حُسْنُ الْمُحَاضَرَةِ بِالنَّوَادِرِ وَالْاَشْعَارِ''(۶۵)

ترجمہ: سختی کے باوجود آپ کی تدریس میں نوادر جملوں اور اشعار کا حسن نمایاں تھا۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو فطرتی ذہانت' عقلی استعداد' حاضر جوابی' حسن خطابت اور بے شمار صلاحیتوں سے نوازا تھا اسی لیے الشریف عزالدین(۶۶) نے آپ کے بارے میں کہا ہے:

''كَانَ عَلَمَ عَصْرِهٖ فِي الْعِلْمِ ،جَامِعًا لِّفُنُوْنٍ مُتَعَدَّدَةٍ ، مُضَافًا اِلٰى مَا جُبِلَ عَلَيْهِ مِنْ تَرْكِ التَكَلُّفِ مَعَ الصَّلَا بَةِ فِي الدِّيْنِ وَشُهْرَتُهٗ تُغْنِيُ عَنِ الْاِطْنَابِ فِيُ وَصْفِهٖ.''(۶۷)

ترجمہ: وہ علم میں اپنے زمانے کے مشاہیر میں سے تھے اور متعدد فنون کے ماہر تھے۔ اس کے ساتھ ہی وہ فطری طور پر تکلف سے دور اور دین میں پختہ تھے۔ ان کی شہرت تعارف کی محتاج نہیں۔

آپ کے تلامذہ میں ابوشامہ(۶۸)' تاج الدین بن بنت الاعز(۶۹)' جلال الدین دِشناوی(۷۰)' شِہاب الدین قَرَانی(۷۱)' ابراہیم بن عزالدین بن عبدالسلام(۷۲)' تاج الدین فِرکاح(۷۳)' عبداللطیف بن عزالدین(۷۴)' ابو محمد ہبتہ اللہ قِفطی(۷۵)' ابن دقیق العید(۷۶)' شرف الدین ابو محمد

دِمیاطی(۷۷)، اور ابوالحسن الباجی(۷۸) جیسے علماء شامل ہیں۔

ڈاکٹر محمد زحیلی نے احمد بن احمد بن نعمۃ بن احمد الخطیب، ابوالعباس، النابلسی المقدسی خطیب دمشق م۶۹۴ھ، احمد بن فرح بن احمد الاشبیلی، المحدث، ابو العباس اللخمی م۶۹۹ھ، احمد بن محمد بن الحسن بن محمد المعروف بابن القماز الاندلسی م۶۹۳ھ، احمد بن محمد بن منصور الجذامی، ناصر الدین ابن المُنَیِّر الاسکندرانی م۶۸۳ھ، احمد بن محسن بن ملی م۶۹۹ھ، ابو احمد بن ابی بکر بن مسافر، جو ابن زیتون کے نام سے مشہور ہیں م۶۹۱ھ، عبدالعزیز بن احمد عثمان، الہکاری م۷۲۷ھ، عبداللہ بن محمد بن علی الفِہری، شرف الدین، التلمسانی م۶۴۴ھ، عثمان بن بنت ابی سعد م۷۱۹ھ، عثمان بن عبدالکریم الصِنہاجی اَلتِزْ مَنْتی م۶۷۴ھ، علی بن محمد بن منصور بن ابی القاسم زیدالدین بن المُنَیِّر م۶۹۵ھ، عمر بن احمد بن طراد الخزرجی السویداوی، سراج الدین خطیب المدنیہ المنورۃ م۷۲۶ھ، عمر بن مکی بن عبدالصمد بن المرحّل م۶۹۱ھ، المبارک بن یحییٰ بن ابی الحسن بن ابی القاسم نصرالدین بن الطباخ م۶۶۷ھ، محمد بن سلیمان بن سومرالزواوی م۷۱۹ھ، محمد بن موسیٰ، ابو عبداللہ بن النعمان م۶۸۳ھ، محمد بن یوسف بن موسیٰ بن یوسف بن مسدّی م۶۶۳ھ، منصور بن احمد بن عبدالحق المشذالی المالکی م۷۳۱ھ، موہوب بن عمر بن موہوب بن ابراہیم الجَزَری م۶۶۵ ھ، ہبۃ اللہ بن عبدالرحیم بن ابراہیم بن ہبۃ اللہ شرف الدین البارزی م۷۳۸ھ اور یحییٰ بن عبدالعظیم الجزار م۶۷۹ھ کو بھی آپ کے شاگردوں میں شمار کیا ہے۔(۷۹)

عزالدین کی تصانیف

عزالدین نے تعلیم وتعلم اور تبلیغ و جہاد کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ آپ کو متعدد علوم میں مہارت حاصل تھی خاص کر علوم قرآنیہ اور علوم عربیہ میں یدِطولیٰ رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ملکۂ لغویہ اور ادب رفیع کا ذوق بھی عطا کیا تھا اس لیے آپ کے لیے نہایت علمی تصانیف کوئی مشکل کام نہ تھا یہی وجہ ہے کہ عزالدین نے کئی تصانیف، مفید رسائل اور فتاوی(۸۰) ہمارے لیے علمی سرمائے کے طور پر چھوڑے ہیں جو آپ کے علمی مقام رفیع، شریعت کے حقائق و غوامض پر کامل آگاہی، مقاصد شریعت کے عرفان اور قرآن کریم کے درست معانی و مفاہیم سمجھنے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کتب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا علم آپ کی تصانیف سے زیادہ اور آپ کی علمی روایت آپ کی عبادات سے زیادہ ہے اور علوم ظاہرہ میں سلف علماء و مجتہدین کے ہم پلہ نظر آتے ہیں۔

آپ کی مختلف علوم پر تصانیف ہیں ان میں کچھ تو چھپ چکی ہیں۔ کچھ ابھی تک مخطوط کی

صورت میں ہیں۔ عصر حاضر میں محققین نے ان سے استفادہ کیا ہے اور ان کتب کے مخطوط اور مطبوع کا ذکر بھی کیا ہے۔ مخطوط کے اماکن کا بھی ذکر کیا ہے اور غلطی سے یا نام میں اشتباہ کی وجہ سے عزالدین کی طرف منسوب کتب کی وضاحت بھی کر دی ہے۔(۸۱)

ذیل میں عزالدین کی کتب کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے:

الف: تفسیر اور علوم القرآن

اللہ تعالیٰ نے عزالدین کو علم تفسیر اور قرآن فہمی کا ملکۂ وافرہ عطا فرمایا تھا آپ نے قرآن کی تفسیر اور علوم قرآن کے بارے میں متعدد کتب تالیف کیں۔

۱۔ اختصار تفسیر الماوردی ''النکت و العیون'':

یہ ماوردی(۸۲) کی تفسیر ''النکت و العیون'' کا اختصار ہے جس کا ذکر حاجی خلیفہ(۸۳) نے صرف ''تفسیر القرآن'' سے کیا اور اس نے یہ ذکر نہیں کیا کہ یہ ماوردی کی تفسیر ہے جیسے ابن سبکی نے صرف ''تفسیر مجلد کبیر''(۸۴) ذکر کیا۔

اس تفسیر میں عزالدین نے اسماء القرآن' سورۃ کا معنی و مفہوم' اعجاز القرآن کا ذکر کیا اور پھر سورۃ فاتحہ سے سورۃ الناس تک تفسیر انتہائی اختصار سے کی۔ یہ تفسیر دار ابن حزم' بیروت سے ۲۰۰۲ء میں شائع ہو چکی ہے۔

۲۔ تفسیر القرآن العظیم:

اس تفسیر کا ذکر زرکلی(۸۵)' ذہبی(۸۶)' عمر رضا کحالہ(۸۷)' داؤدی(۸۸)' ابن سبکی(۸۹)' اور حاجی خلیفہ(۹۰)' نے کیا ہے۔ اس میں عزالدین نے تعوذ(۹۱) اور تسمیہ(۹۲) کی تفسیر کے بعد ہر سورۃ کی تفسیر کرتے ہوئے بالخصوص نحو اور اعراب کی وضاحت کی ہے۔ ابھی تک شاید یہ مخطوط کی شکل میں ہے۔

۳۔ کتاب الاشارۃ الی الایجاز فی بعض انواع المجاز:

یہ کتاب اسی نام سے کئی مرتبہ شائع ہو چکی ہے سب سے پہلے اسے ۱۳۱۱ھ میں اور پھر ۱۳۱۳ھ میں ''دارللطباعۃ العامرۃ'' نے استنبول(۹۳) سے شائع کیا۔ المکتبۃ العلمیہ نے مدینہ منورہ سے ۱۹۶۶ء میں اور دار البشائرالاسلامیہ نے بیروت سے ۱۹۸۷ء میں شائع کیا حتیٰ کہ یہ کتاب مکتبہ توحید و سنت

محلّہ جنگی قصہ خوانی بازار پشاور سے بھی شائع ہو چکی ہے۔ عمر رضا کحالہ(۹۴) نے اسی نام سے اس کا ذکر کیا ہے لیکن بعض مصادر(۹۵) میں اسے ''مجاز القرآن'' کے نام سے ذکر کیا گیا ہے جبکہ اسماعیل پاشا(۹۶) نے عزالدین کے دو کتابیں ''مجازالقرآن'' اور ''کتاب الاشارہ الی الایجاز فی بعض انواع المجاز'' ذکر کی ہیں جو درست نہیں ہے۔(۹۷)

اس کتاب کی اہمیت کے پیش نظر سیوطی(۹۸) نے ''مجاز الفرسان الی مجاز القرآن''(۹۹) کے نام سے اس کتاب کا اختصار لکھا لیکن یہ کتاب ابھی تک منظر عام پر نہیں آئی' ابن القیم الجوزیہ(۱۰۰) نے اس کتاب کا اختصار کر کے ''کتاب الفوائد المشوق الی علوم القرآن وعلم البیان''(۱۰۱) لکھا لیکن اس نے یہ اشارہ نہیں کیا کہ اس نے عزالدین کی کتاب ''الاشارہ الی الایجاز فی بعض انواع المجاز'' کا اختصار کیا ہے۔

اس کتاب کا موضوع ''علم البیان''(۱۰۲) اور ''علم المعانی''(۱۰۳) کی علمی مباحث ہیں۔ ابن السبکی نے اس کتاب اور ''قواعد الاحکام'' کے بارے میں لکھا ہے:

''هٰذَانِ الْكِتَابَانِ شَاهِدَانِ بِإِمَامَةِ الْعِزِّوَعَظِيْمِ مَنْزِلَتِهٖ فِيْ عُلُوْمِ الشَّرِيْعَةِ''(۱۰۴)

ترجمہ: یہ دونوں کتابیں عزالدین کی علوم شرعیہ میں امامت اور عظیم مرتبہ کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

۴۔ أمالی عزالدین بن عبدالسلام:

یہ مخطوط متعدد عناوین سے موجود ہے۔ اسماعیل پاشا نے ''أمالی فی تفسیر القرآن''(۱۰۵) کے نام سے اس کا ذکر کیا ہے جبکہ ایک نسخہ برطانیہ میوزیم میں نمبر۱۳۱۷۷ کے تحت عنوان ''مسائل واجوبۃ فی علوم متعددۃ من القرآن والحدیث والفقہ'' سے محفوظ ہے دوسرا نسخہ برطانیہ میں بغیر عنوان کے نمبر ۹۶۹۱ کے تحت موجود ہے۔ تیسرا نسخہ دارالکتب المصریہ نمبر ۱۷ تفسیر میں موجود ہے جس کا عنوان ''فوائد العز بن عبدالسلام'' ہے اور اسے ''اعجاز القرآن'' کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ چوتھا نسخہ عراقی میوزیم میں ''الخزانۃ الألوسیہ'' میں نمبر ۸۷۵۴ سے ''فوائد فی علوم القرآن'' کے عنوان سے موجود ہے۔ پانچواں نسخہ استنبول میں مکتبہ کو بلّلی میں نمبر ۴۴ کے تحت ''أمالی عزالدین بن عبدالسلام فی القرآن العظیم'' کے عنوان سے موجود ہے۔(۱۰۶)

یہ أمالی(۱۰۷) قرآن کریم کی آیات کی تفسیر' بعض احادیث کی تشریح اور بعض فقہی مسائل پر مشتمل ہیں۔ اصل میں یہ وہ دروس ہیں جو عزالدین بعض اوقات دیا کرتا ہے۔ بعض قرآنی آیات کی

تفسیری اُمالی کو جمع کر کے ''فوائد العزبن عبدالسلام' کے نام سے اکٹھا کیا گیا اور ڈاکٹر رضوان علی ندوی نے اس پر ڈاکٹریٹ کا مقالہ لکھا ہے اور اسے ۱۹۶۷ء میں وزارت الاوقاف الکویتیۃ نے اور پھر ''دارالشروق' جدہ نے اسے ۱۹۸۲ء میں ''الفوائد فی مشکل القرآن' کے نام سے شائع کیا۔

ب: حدیث اورسیرت

ا۔ شرح حدیث: ''لَاضَرَرَوَ لَا ضِرَارَ''(۱۰۸):

زحیلی نے ذکر کیا ہے کہ یہ کتاب رضوان ندوی کے بقول عزالدین نے تالیف کی تھی۔(۱۰۹)

۲۔ شرح حدیث ''اُمّ زَرُع''(۱۱۰)

یہ حدیث ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ(۱۱۱) نے روایت کی ہے۔ اس کے تین قلمی نسخے ''ملکتبۃ الفاتح'' استنبول میں نمبر۱۱۴۱ کے تحت موجود ہیں اور حافظ عبدالعظیم المنذری(۱۱۲) کی ''مختصر صحیح مسلم' کے آخر میں ملحق ہے۔(۱۱۳)

۳۔ مختصر صحیح مسلم:

اس کا ذکر ابن سبکی(۱۱۴) اور داوٗدی(۱۱۵) نے کیا ہے لیکن اس کتاب کا ذکر موجود مخطوطات کی فہرست میں کہیں بھی نہیں ملتا۔ ہوسکتا ہے دوسرے علمی ورثے کی طرح یہ ضائع ہوگئی یا پھر کسی عربی یا اسلامی مخطوطات میں پڑی کہیں مل جائے۔

۴۔ بِدَایۃُ السُّول فی تفضیل الرسول ﷺ:

یہ ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جس پر شیخ عبداللہ بن محمد الصدیق الغماری(۱۱۶) نے تعلیق کی پھر ڈاکٹر صلاح الدین المنجِد نے اس پر تحقیق کی اور ''دارالکتاب الجدید' بیروت نے اسے ۱۴۰۱ھ میں شائع کیا پھر اس کی تحقیق شیخ ناصر الدین البانی(۱۱۷) نے کی اور اسے ''المکتب الاسلامی' نے بیروت سے ۱۴۰۳ھ میں شائع کیا پھر السید محمد ادیب کلکل کی تحقیق سے ''حماۃ'' سے ''دارالدعوۃ'' نے شائع کیا اور ۱۹۹۶ء میں استاد حسین محمد علی شکری کی تحقیق سے دارالمدینۃ المنورہ نے اسے مدینہ منورہ سے شائع کیا جو ۲۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

اس میں عزالدین نے نبی کریم ﷺ کے تخصّصات و امتیازات کی بتیس وجوہات ذکر کی ہیں اور یہ سارے وہ خصائص ہیں جو آپ ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مخصوص کئے ہیں۔(۱۱۸)

۵۔ قصۃ وفاۃ النبی ﷺ:

برلن کی لائبریری میں نمبر ۹۶۱۴ کے تحت ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔(۱۱۹)

۶۔ ترغیب اہل الاسلام فی سکنی الشام:

اس کتاب میں ملک شام کی فضیلت اور اس ملک میں رہائش اختیار کرنے کی ترغیب اہل اسلام کو دی گئی ہے یہ کتاب کئی مرتبہ شائع ہو چکی ہے۔ پہلی مرتبہ یہ کتاب ''المطبعۃ التجاریۃ'' القدس نے ۱۹۴۰ء میں شائع کی۔(۱۲۰)

ج: ایمان، عقیدہ اور علم توحید

ا۔رسالہ فی علم التوحید:

یہ صرف دو صفحات پر مخطوط ہے۔ یہ دمشق کی ''ظاہریۃ'' لائبریری میں نمبر ۵۲۰۷ کے تحت موجود ہے اور اس کا ایک نسخہ ''برلن'' کی لائبریری میں نمبر ۲۴۲۶ کے تحت موجود ہے۔(۱۲۱)

۲۔ اَلمُلحَۃُ فی الاعتقاد:

اہل اسلام کے درست عقیدے پر مشتمل یہ رسالہ تقریباً دس صفحات پر مشتمل ہے۔ اصل میں یہ ''اسمائے حسنیٰ'' کی وضاحت ہے جو کہ علم کلام کی روشنی میں کی گئی ہے۔ یہ وہ عقیدہ ہے جو کہ آپ کے بیٹے عبداللطیف سے منقول ہے۔ اسے ''مُلحۃ الاعتقاد، رسالۃ فی الاعتقاد'' یا صرف ''الاعتقاد'' بھی کہا جاتا ہے۔ یہ رسالہ ''طبقات الشافعیہ الکبریٰ'' میں صفحہ ۸/۲۱۹-۲۳۹ میں موجود ہے۔ یہ رسالہ الگ بھی ''العقائد لعزالدین، عبدالعزیز بن عبدالسلام السلمی'' کے نام سے دارالبشائر الاسلامیۃ بیروت لبنان نے ۱۹۹۳ء میں شائع کیا ہے جو پچیس صفحات پر مشتمل ہے۔(۱۲۲)

۳۔ الفرق بین الاسلام والایمان:

یہ ایک چھوٹا سا قلمی نسخہ ہے اور اس کے کئی نسخے موجود ہیں یہ ایمان اور اسلام کے بارے میں سوال کا جواب ہے۔ جس میں عزالدین نے ایمان کی زیادتی اور کمی کا ذکر کیا ہے جو کہ جمہور اہل السنّت و الجماعت کا نقطہ نظر ہے۔(۱۲۳)

۴۔ نبذة مفيدة فی الرد علی القائل بخلق القرآن:

یہ ایک مخطوط کی صورت میں رسالہ ہے اور دارالکتب المصریہ میں نمبر ۲۰۷۴۰ کے تحت موجود ہے۔(۱۲۴) اس میں خلق قرآن کے قائلین کا رد ہے۔

۵۔ وصیۃ الشیخ عزالدین:

یہ عقیدے کے موضوع پر ایک چھوٹا رسالہ ہے جسے حاجی خلیفہ نے ''عقیدہ الشیخ عزالدین''(۱۲۵) کے نام سے ذکر کیا ہے۔

٦. احوال الناس یوم القیامۃ و ذکر الخاسرین والرابحین منهم:

یہ ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جس میں عقیدہ' زہد' فضائل اعمال اور تربیت کے بارے میں عمدہ معلومات ہیں اس پر ''مجدی فتحی السید'' نے تحقیق کی اور دارالصحابہ للتراث نے قاہرہ سے اسے ۱۹۹۰ء میں شائع کیا۔(۱۲٦)

د: فقہ اورفتاویٰ

ا۔ الغایہ فی اختصار النہایہ:

یہ پانچ جلدوں پر مشتمل ایک بڑی کتاب ہے یہ کتاب اصل میں امام الحرمین الجوینی(۱۲۷) کی کتاب ''نہایۃ المطلب فی درایۃ المذہب''(۱۲۸) کی تلخیص ہے جو اصل میں ۲۷ جلدوں پر مشتمل تھی جس کی تلخیص خود امام جوینی نے ''المختصر'' میں کر دی تھی بعد میں عزالدین نے اسے اور مختصر کر دیا جو ''الغایۃ فی اختصار النہایۃ'' ہے۔(۱۲۹)

۲۔ الجمع بین الحاوی والنہایہ:

اس کتاب میں عزالدین نے الماوردی کی کتاب ''الحاوی''(۱۳۰) اور امام الحرمین الجوینی کی کتاب ''نہایۃ المطلب فی درایۃ المذہب'' کو جمع کر دیا ہے یہ دونوں فقہ شافعی کی عظیم کتابیں ہیں۔ یہ کتاب مخطوطات کی فہرستوں میں بھی نایاب ہے۔(۱۳۱)

۳۔ احکام الجہاد و فضلہ:

یہ جہاد کے موضوع پر نہایت اہم رسالہ ہے جس میں عزالدین نے جہاد کے فضائل اور احکام

بیان کئے ہیں۔ اسے ڈاکٹر نزیہ حماد کی تحقیق سے مکتبہ دارالوفاء للنشر و التوزیع نے ۱۹۶۸ء میں شائع کیا۔(۱۳۲)

۴۔ مقاصد الصلوٰۃ:

یہ بھی ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جس میں عزالدین نے نماز کی فضیلت و اہمیت ذکر کی ہے اور لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد سب سے افضل عبادت نماز ہی ہے۔ اس کتاب کی اہمیت کو پیش نظر سلطان ملک اشرف(۱۳۳) نے شمس الدین سبط ابن الجوزی(۱۳۴) سے کہا تھا کہ اس کتاب کی روشنی میں تقریر کریں۔ ملک اشرف کو ایک دن میں تین مرتبہ یہ کتاب پڑھ کر بھی سنائی گئی۔(۱۳۵) یہ کتاب ''ایاد خالد الطباع'' کی تحقیق سے دارالفکر المعاصر' بیروت اور دارالفکر' دمشق نے ۱۹۹۲ء میں شائع کی۔(۱۳۶)

۵۔ مقاصد الصوم:

یہ بھی ایک مختصر سا رسالہ ہے جس میں عزالدین نے روزے کے فضائل' دنیوی اور اخروی فوائد کے علاوہ روزے کے بعض احکام بھی ذکر کیے ہیں۔ یہ کتاب ''عبداللہ نذیر احمد کی تحقیق سے ''دار ابن حزم'' بیروت سے ۱۹۹۲ء میں شائع ہو چکی ہے۔(۱۳۷)

۶۔ مناسک الحج:

عزالدین نے اس مختصر رسالے میں حج اور عمرہ کے مناسک کا ذکر کیا ہے یہ کتاب ''ایاد خالد الطباع'' کی تحقیق سے دارالفکر المعاصر' بیروت اور دارالفکر' دمشق نے ۱۹۸۲ء میں شائع کی ہے۔(۱۳۸)

۷۔ صلوٰۃ الرغائب:

یہ کتابچہ ''صلوٰۃ الرغائب''(۱۳۹) کے رد میں عزالدین نے تحریر کیا۔ اس نماز کے جواز میں ابن صلاح(۱۴۰) نے ایک رسالہ بنام ''الترغیب عن صلوٰۃ الرغائب الموضوعۃ وبیان مافیھا من مخالفۃ السنن'' تحریر کیا تو اس کے رد میں عزالدین نے ''رسالۃ فی تنقید ردّ ابن الصلاح'' لکھا۔ اس میں عزالدین نے متعدد دلائل سے ثابت کیا کہ یہ سنت مشروعہ کے خلاف اور بدعت ہے۔ یہ رسالہ ''المکتب الاسلامی'' دمشق نے الشیخ محمد ناصر الدین البانی اور استاد محمد زہیر شاویش(۱۴۱) کی تحقیق سے ''مساجلۃ علمیۃ بین الامامین الجلیلین العز بن عبدالسلام وابن الصلاح حول صلوۃ الرغائب المبتدعۃ'' کے عنوان سے شائع کیا ہے یہ مساجلہ تین رسائل پر مشتمل ہے۔ عزالدین کا مؤقف' ابن صلاح کا موقف اور آخر

میں امام نووی(۱۴۲) کے ''مجموع الفتاوی''(۱۴۳) سے متعدد جید علماء کے فتاوی ذکر کئے گئے ہیں۔(۱۴۴)

۸۔ الفتاوی الُموصلیۃ:

اسے ''فتاوی العزبن عبدالسلام'' بھی کہا جاتا ہے اس میں نوے سوالات کے جوابات ہیں جو کہ ''موصل''(۱۴۵) کے خطیب شمس الدین عبدالرحیم طوسی(۱۴۶) نے ۶۵۴ھ میں قاہرہ میں آپ سے کیے تھے انہیں ''الموصلیۃ' الاسئلۃ الموصلیۃ'' اور ''المسائل الموصلیۃ'' بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں مختلف فقہی ابواب ہیں اور کچھ سوالات علم کلام' تفسیر اور دوسرے موضوعات پر بھی ہیں۔ اس کے دو قلمی نسخے دمشق میں ''ظاہریۃ'' کی لائبریری میں' ایک نسخہ ''برلن'' کی لائبریری میں موجود ہے۔ اس کا چوتھا نسخہ ''دارالکتب المصریۃ'' میں موجود ہے۔(۱۴۷)

۹۔ الفتاوی المصریۃ:

یہ فتاوی ان سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے جو عزالدین سے مصر میں تفسیر' عقیدہ' فقہ اور اصول فقہ سے متعلق کئے گئے تھے۔ ان کے بارے میں ابن السبکی نے لکھا ہے کہ یہ مختلف فنی مسائل اور علمی فوائد پر مشتمل ایک مجموعہ ہے۔(۱۴۸) ''دارالمعرفۃ' بیروت'' نے عبدالرحمٰن عبدالفتاح کی تحقیق سے ''الفتاوی للعز'' ۱۴۰۶ھ میں شائع کیا اور ایک سو اکیس مسائل کا مجموعہ ہے جبکہ ''مصطفٰی عاشور'' کی تحقیق سے ''مکتبۃ القرآن' قاہرہ'' نے ۱۹۸۷ء میں ''فتاوی سلطان العلماء العزبن عبدالسلام'' شائع کیا یہ ۱۲۱ مسائل اور ۱۶۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

شاید انہوں نے دونوں فتاوی ''مصریہ اور موصلیۃ'' کو جمع کر دیا ہے لیکن اس کی انہوں نے تصریح نہیں کی۔(۱۴۹)

ہ: اصولِ فقہ

ا۔ قواعدالاحکام فی مصالح الانام:

اسے ''القواعد الکبریٰ'' بھی کہا جاتا ہے۔ ابن السبکی نے اس کتاب کو عزالدین کے علمی مرتبے کی پہچان قرار دیا ہے۔(۱۵۰) اس کتاب کے بارے میں حاجی خلیفہ نے کہا ہے کہ اس جیسی کتاب اس موضوع پر کسی نے تحریر نہیں کی۔(۱۵۱) یہ کتاب بنیادی طور پر مقاصد شریعت پر لکھی گئی اور متعدد مرتبہ یہ کتاب شائع ہو چکی ہے جدید ایڈیشن ''القواعد الکبریٰ الموسوم قواعد الاحکام فی اصلاح الانام'' کے نام

سے ''دار ابن حزم' بیروت' لبنان سے ۲۰۰۳ء میں شائع ہوا ہے۔(۱۵۲)

۲۔ القواعد الصغریٰ:

اس کتاب میں ''قواعد الاحکام فی مصالح الانام'' کا اختصار ہے اس میں عزالدین نے فروع فقہیہ' استطرادات (غیر ضروری مباحث) اور تعلیقات (حواشی) کو حذف کر دیا ہے۔ یہ کتاب ''الفوائد فی اختصار المقاصد'' کے نام سے دارالفکر المعاصر اور دارالفکر دمشق سے ۱۴۱۶ھ میں شائع ہو چکی ہے۔(۱۵۳)

۳۔ الامام فی بیان ادلۃ الاحکام:

اس کتاب کو ''الدلائل المتعلقۃ بالملائکۃ والنبیین علیھم السلام والخلق اجمعین'' کا بھی نام دیا جاتا ہے۔ بعض افراد نے عزالدین کی یہ دو کتابیں خیال کیا ہے۔ جس طرح کچھ افراد نے یہ خیال کیا ہے کہ عقیدے کے بارے میں دوسرے عنوان سے یہ الگ کتاب ہے۔(۱۵۴) حالانکہ یہ دونوں نام ایک ہی کتاب کے ہیں۔

یہ عزالدین کی بہت اہم کتاب ہے جس میں ان کے اہم نظریہ ''جلب المصالح ودرء المفاسد فی الاحکام'' کو بیان کیا گیا ہے۔ اس میں عقیدہ' لغت اور بلاغت کے اہم مسائل کے ساتھ ساتھ بعض اصولی مباحث بھی ملتی ہیں۔(۱۵۵)

دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان نے اس کتاب کو رضوان مختار غربیہ کی تحقیق سے ۱۹۸۷ء میں شائع کیا ہے۔

۴۔ شرح' منتھی السؤل والامل فی علمی الاصول والجدل:

''منتھی السؤل والامل فی علمی الاصول والجدل'' ابن حاجب(۱۵۶) مالکی کی تصنیف ہے۔ خود ابن حاجب مالکی نے اس کا اختصار کیا اور یہ ''مختصر المنتھی'' اور ''مختصر ابن الحاجب'' کے نام سے متداول ہے اسی مختصر کی شرح عزالدین کی یہ تالیف ہے۔(۱۵۷)

و: زہد' تصوف' تربیت' اخلاق اور فضائل اعمال

۱۔ شجرۃ المعارف والاحوال وصالح الاقوال والاعمال:

عزالدین نے یہ کتاب تصوف' تزکیہ نفس اور تربیت کے موضوع پر تالیف کی ہے۔ ابن السبکی

نے اس کتاب کو ''حَسَنٌ جِدًّا''(۱۵۸) (یہ کتاب بہت عمدہ ہے) کہا ہے۔ عزالدین نے اس ''شجرۃ'' کے اجزاء ذکر کیے ہیں کہ اس درخت کی اصل ''معرفت الذات'' ہے' اس کی شاخیں ''معرفت الصفات'' ہیں اور اس کا پھل جو اصل مقصد ہے وہ ''آداب القرآن'' اور ''صفات الرحمٰن'' سے متصف ہونا ہے۔ جن میں تمام عاجلہ اور آجلہ بھلائیاں جمع ہیں۔ یہ کتاب بہت عمدہ اور مفید(۱۵۹) ہے۔ اس کا طریقہ ''امام نووی کی کتاب ''ریاض الصالحین'' کی طرح ہے۔

اس کتاب کو استاد ایاد خالد الطباع کی تحقیق سے ''دارالطباع'' دمشق نے ۱۹۸۹ء میں شائع کیا اور ''بیت الافکار الدولیۃ'' عمان' اردن سے بھی اسے شائع کیا گیا ہے۔

۲۔ مختصر ''رعایۃ المحاسبی'':

یہ ''المحاسبی''(۱۶۰) کی کتاب ''مقاصد الرعایۃ لحقوق اللہ'' کا اختصار ہے۔(۱۶۱)

۳۔ رسالۃ فی القطب والابدال الاربعین:

حاجی خلیفہ نے اس کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ عزالدین نے اس میں لوگوں کے قول ''قطب'' اور ''الابدال الاربعین'' کا ابطال کیا ہے۔(۱۶۲)

۴۔ فوائد البلوی والمحن:

یہ بھی مختصر رسالہ ہے جس میں دنیا کے اندر ایک مسلمان کو جن مصائب اور تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان پر جو اسے اجرو ثواب ملے گا' ان کا ذکر اس میں ملتا ہے۔ عزالدین نے مصائب پر سترہ فوائد کا ذکر کیا ہے۔(۱۶۳)

۵۔ بحار القرآن:

اس کتاب کا ذکر صرف حاجی خلیفہ(۱۶۴) اور بغدادی(۱۶۵) نے کیا ہے۔

۶۔ ثلاثۃ وثلاثون شعرا فی مدح الکعبۃ:

قدیم مترجمین نے عزالدین کے ان اشعار کا ذکر نہیں کیا۔(۱۶۶) اگرچہ اس کا ذکر وہبی نے کیا ہے۔(۱۶۷)

ز: عزالدین کی طرف غلطی سے منسوب کتب

ذیل میں ان چند کتابوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو غلطی (۱۶۸) سے عزالدین بن عبدالسلام کی طرف منسوب ہیں:

ا۔ کشف الاشکالات عن بعض الایات:

یہ کتاب اصل میں محمد بن احمد بن عبدالہادی کی تالیف ہے رضوان ندوی نے کتاب ''فوائد فی مشکل القرآن'' کے آخر میں ذکر کیا ہے کہ یہ کتاب عزالدین کی تالیف نہیں ہے۔(۱۶۹)

۲۔ العماد فی مواریث العباد:

یہ کتاب اصل میں عزالدین بن احمد بن محمد بن عبدالسلام مصری شافعی کی ہے۔(۱۷۰) اگرچہ عمررضا کحالہ نے بھی اسے عزالدین بن عبدالسلام کی طرف منسوب کیا ہے۔(۱۷۱) جو کہ درست نہیں۔(۱۷۲)

۳۔ فرائد الفوائد و تعارض القولین لمجتہد واحد:

اس کتاب کو بھی عزالدین کی طرف غلطی سے منسوب کیا گیا ہے حتیٰ کہ بغدادی(۱۷۳) نے بھی اس کو آپ کی طرف منسوب کیا ہے جو کہ درست نہیں۔اصل میں یہ شمس الدین بن محمد السلمی الشافعی المناوی کی تالیف ہے۔(۱۷۴)

۴۔حل الرموز ومفاتیح الکنوز:

یہ کتاب عزالدین بن عبدالسلام کی طرف غلطی سے منسوب ہے جبکہ یہ عزالدین بن عبدالسلام بن احمد بن غانم المقدسی الواعظ (م۶۷۸ھ) کی تالیف ہے۔(۱۷۵)

۵۔کشف الاسرار عن حِکَم الطیور والازھار:

اگرچہ اس کا ذکر بغدادی(۱۷۶) نے کیا ہے لیکن یہ کتاب اصل میں عزالدین بن عبدالسلام بن احمد بن غانم المقدسی الواعظ کی ہے جو ڈاکٹر مختار ہاشم کی تحقیق سے ''دارالطباع'' دمشق سے شائع ہو چکی ہے۔(۱۷۷)

۶۔ الاجوبۃ القاطعۃ لحجج الخصوم للاسئلۃ الواقعۃ فی کل العلوم:

''الفتاوی للعز'' میں اس کتاب کا ذکر عبدالرحمٰن بن عبدالفتاح نے مقدمۃ التحقیق میں کیا ہے جبکہ یہ کتاب عزالدین بن عبدالسلام بن احمد بن غانم کی ہے۔(۱۷۸)

۷۔ نخبۃ العربیۃ فی الفاظ الآ جرومیۃ:

بغدادی(۱۷۹) اور کحالہ(۱۸۰) نے اس کتاب کی نسبت بھی عزالدین کی طرف کی ہے جبکہ رضوان ندوی نے صراحت کی ہے کہ یہ کتاب عزالدین کی نہیں بلکہ یہ ابن عبدالسلام المتوفی (م ۹۳۱ھ) کی تالیف ہے یہ قول اصح ہے۔(۱۸۱) حاجی خلیفہ نے ذکر کیا ہے کہ ''الآ جرومیۃ فی النحو'' کا مقدمہ عبداللہ محمد بن محمد ابوداوٗد الصنہاجی المعروف ''ابن آ جروم کا ہے...... پھر وہ لکھتے ہیں احمد بن محمد بن عبدالسلام نے اس کی دو شروح لکھی ہیں اس نے ایک کا نام ''النخبۃ العربیۃ فی حل الفاظ الاجرومیۃ'' اور دوسری کا نام ''الجواہر المصیئۃ فی حل الفاظ الاجرومیۃ'' رکھا ہے۔(۱۸۲)

۸۔ مجلس ذم الحشیشۃ:

یہ رسالہ ابھی تک ''بریل لائبریری'' لیڈن میں مخطوط کی شکل میں ہے جس کا نمبر ۱۰۵۶/۲ ہے۔(۱۸۳) اس رسالہ میں عزالدین نے بھنگ کے استعمال کی مذمت اور نقصانات کا ذکر کیا ہے۔

۹۔ مسائل الطریقۃ فی علم الحقیقۃ:

یہ چھوٹا سا رسالہ ہے یہ ''احمد الدردیر'' کی کتاب ''تحفۃ الإخوان'' کےضمن میں طبع ہو چکا ہے اور یہ ''ستین مسئلۃ'' کے نام سے مشہور ہے کیونکہ اس میں اخلاق' تصوف اور ایمان کے بارے میں ساٹھ سوالات ہیں۔(۱۸۴)

۱۰۔ نہایۃ الرغبۃ فی ادب الصحبۃ:

قدیم مترجمین نے اس کتاب کا ذکر نہیں کیا صرف وہبی نے اس کا ذکر کیا ہے۔(۱۸۵) نام سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اچھے اور نیک لوگوں کی صحبت کے آداب اور فوائد پر ہے۔

۱۱۔ منہج الرائد بالضوابط الفرائد:

ڈاکٹر رضوان ندوی کی تحقیق کے مطابق یہ کتاب ابن عبدالدائم العسقلانی (م ۸۳۱ھ) کی ہے اس

کا نام صاف طور پر اس کتاب کے پہلے صفحے پر لکھا ہوا ہے۔(۱۸۶)

ان تمام تصانیف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ عزالدین نے تفسیر‘ علوم القرآن‘ حدیث‘ سیرت‘ ایمان‘ عقیدہ‘ فقہ‘ اصول فقہ‘ زہد‘ تصوف‘ تربیت‘ اخلاق اور فضائل اعمال کے موضوع پر ہمہ جہت علمی کام کیا اور آپ کے فتاویٰ کو بھی کتابی شکل دی گئی ہے اور کچھ کتب غلطی یا نام میں اشتباہ کی وجہ سے آپ کی طرف منسوب ہیں۔

حوالہ جات

۱۔ ابن السبکی: عبدالوہاب بن علی بن عبدالکافی‘ طبقات الشافعیۃ الکبریٰ‘ عیسی البابی الحلبی وشرکاء‘ الطبعۃ الاولی: ج:۸‘ ص: ۲۰۹؛ زرکلی‘ خیر الدین‘ الاعلام‘ دارالعلم للملایین‘ بیروت‘ لبنان‘ ۱۹۸۹ء؛ ج: ۴‘ ص: ۲۱؛ داؤدی: محمد بن علی بن احمد‘ شمس الدین‘ طبقات المفسرین‘ دارالکتب العلمیۃ‘ بیروت‘ لبنان‘ ج: ا‘ ص:۳۱۵؛ النجوم الزاہرۃ: اتا بکی‘ یوسف بن تغری بَرْدِی‘ جمال الدین‘ ابوالمحاسن‘ النجوم الزاھرۃ فی ملوک مصر والقاھرۃ‘ دارالکتب المصریۃ‘ ۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۸ء‘ ج: ۷‘ ص:۲۰۸؛ ندوی: رضوان علی‘ سید‘ ڈاکٹر‘ سلطان العلماء العز بن عبدالسلام‘ آدم پبلشرز ‘دہلی ‘ ص:۱۰

